**21.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آسیہ میمونہ

**Music**

---

1 وزیراعظم نریندر مودی کویت کے دو روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، کویت کے ساتھ اپنے تاریخی تعلقات کی بے حد قدر کرتا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ تری پورہ کے اگرتلہ میں شمال مشرقی کونسل کے 72 ویں مکمل اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

☆ GST کونسل کی 55 ویں میٹنگ راجستھان کے جیسلمیر میں جاری ہے۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملاسیتارمن میٹنگ کی صدارت کررہی ہیں۔

☆ جے پور گیس ٹینکر حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 ہوگئی ہے۔

☆ ذہنی تناؤ اور تشدد کے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے آج میڈیٹیشن یعنی دھیان کا پہلا عالمی دن منایا جارہا ہے۔

☆ اور: بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے پانچ روز کے دوران جموں وکشمیر اور ہماچل پردیش میں سخت سردی کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-KUWAIT DEPARTURE**

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح کویت کے دو روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ وہ کویت کے امیر شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح کی دعوت پر کویت کا دورہ کر رہے ہیں۔ پچھلے 43 سال میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا اس خلیجی ملک کا یہ پہلا دورہ ہے۔ روانہ ہونے سے قبل دیے گئے اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت، کویت کے ساتھ اُن تاریخی تعلقات کی نہایت قدر کرتا ہے، جو برسوں سے پروان چڑھے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملک نہ صرف تجارت اور توانائی کے مضبوط شراکت دار ہیں، بلکہ دونوں ملکوں کے امن سلامتی، استحکام اور مغربی ایشیائی خطّے میں خوشحالی کے مفاد بھی مشترک ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ کویت کے وَلی عہد کے ساتھ اپنی ملاقات کے متمنی ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارتی عوام اور خطّے کے مفاد میں مستقبل کی شراکت داری کا روڈ میپ وضع کرنے کا بھی یہ ایک موقع ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ کویت میں اُن بھارت نژاد افراد سے ملاقات کرنے کے بھی بیحد متمنی ہیں، جنہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان دوستی کے رشتوں کو مستحکم کرنے میں زبردست تعاون دیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے خلیجی خطّے میں کھیل کود کی ایک بڑی تقریب کے افتتاحی پروگرام میں اُنہیں خصوصی طور پر مدعو کرنے کیلئے کویت کی قیادت کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔×

## SHAH-NEC PLENARY SESSION

شمال مشرقی کونسل (NEC) کا 72 واں مکمل اجلاس تریپورہ کے شہر اگرتلہ میں شروع ہو گیا ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ ، اس اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔ شمال مشرقی کونسل اجلاس کا آغاز کل مکمل اجلاس سے پہلے کے تکنیکی اجلاس کے ساتھ ہوا۔ کل شام اگرتلہ پہنچنے کے بعد جناب جیوترادتیہ سندھیا نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ شمال مشرقی کونسل اجلاس سے شمال مشرقی خطے کی تیزرفتار ترقی کی بنیاد رکھی جائے گی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کے مطابق مستقبل قریب میں شمال مشرقی ریاستوں میں تیز رفتار ترقی ہوگی۔ x

## GST MEETING

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج راجستھان کے شہر جیسلمیر میں، GST کونسل کی 55 ویں میٹنگ کی صدارت کررہی ہیں۔ اس میٹنگ کے دوران ساز و سامان اور خدمات ٹیکس GST سے متعلق بنیادی نوعیت کے معاملات پر توجہ دی جارہی ہے۔ توقع ہے کہ GST کونسل خوراک کی یقینی سپلائی، صحت بیمہ ، GST سلیب کو درپیش اِمکانی مسائل اور شرحوں کو معقول بنانے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کرے گی۔ امید ہے کہ اِس میٹنگ میں زندگی اور صحت بیمہ پریمئم سے متعلق GST شرحوں کو کم کرنے پر بھی بات چیت کی جائے گی۔×

## CABINET

اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی نے 2025 سیزن کیلئے کھوپرا کی کم از کم امدادی قیمت کو منظوری دے دی ہے۔ کل شام نئی دلّی میں کابینہ میٹنگ کے بعد میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ NDA حکومت نے کسانوں کی بہبود کیلئے متعدد فیصلے کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے کسانوں کی زندگی کو بہتر بنانے کے NDA حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اوسط کوالٹی کے کھوپرا کی Milling کی کم سے کم امدادی قیمت 11 ہزار 582 روپے فی کوئنٹل جبکہ کھوپرا گولے کی قیمت 12 ہزار 100 روپے فی کوئنٹل مقرر کی گئی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اِس فیصلے کے نفاذ پر 855 کروڑ روپے کا مالی خرچ آئے گا۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ 2024 میں کھوپرا Milling کی کم سے کم امدادی قیمت 422 روپے سے کہیں زیادہ ہے جبکہ 2024 سیزن کے مقابلے میں کھوپرا گولے کے لیے یہ ایک سو روپے سے زیادہ ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ نیشنل ایگریکلچرل کوآپریٹو مارکیٹنگ فیڈریشن آف انڈیا لمیٹڈ (NAFED) اور نیشنل کوآپریٹو کنزیومرس فیڈریشن (NCCF) کم سے کم امدادی قیمت کے تحت کھوپرا کی خریداری کی مرکزی نوڈل ایجنسیاں ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ریاستی حکومتیں اِس میں ایک بڑا رول ادا کریں گی۔ اس طرح، ریاستی حکومت کی کارپوریشنس کے تعاون کے ساتھ خریداری کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ناریل کی پیداوار میں کرناٹک کی حصے داری سب سے زیادہ 32 اعشاریہ 7 فیصد ہے، جبکہ تمل ناڈو پیداوار میں 25 اعشاریہ 7 فیصد کی حصے داری کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ ×

## JAIPUR ACCIDENT

جے پور گیس ٹینکر حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 ہوگئی ہے، جبکہ 27 زخمی افراد کا علاج SMS اسپتال میں کیا جارہا ہے۔ ان میں سے تین افراد کی حالت نازک ہے۔ SMS اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سُشیل بھاٹی نے کہا کہ 6 زخمی افراد فی الحال وینٹیلیٹرس پر ہیں۔ جے پور کے ضلع کلکٹر جتیندر کمار سونی نے حادثے کی تحقیقات کیلئے ایک مشترکہ تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ کمیٹی حادثے کے تمام پہلوؤں کی تحقیقات کرے گی اور اپنی رپورٹ جمع کرے گی۔ یہ حادثہ کل صبح Bhankrota علاقے میں جے پور-اجمیر شاہراہ پر پیش آیا۔ جے پور کے پولیس کمشنر بیجوجارج جوزف نے کہا کہ LPG ٹینکر میں آگ لگنے اور دھماکہ ہونے سے 40 گاڑیاں تباہ ہوگئیں۔×

## WORLD MEDITATION DAY

آج Maditation یعنی دھیان کا پہلا عالمی دن منایا جارہا ہے۔صحت، سلامتی ، سکون اور ذہن سازی اور ذہنی بیداری کے فروغ کیلئے یہ ایک عالمی پہل ہے۔ اِس دن عالمی اہمیت کے حامل معاصر چیلنجوں بشمول دباؤ ، تشدد اور سماجی اختلافات سے نمٹنے کے طریقۂ کار کی اہمیت کو اجاگر کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی نے بھارت کے تعاون کے ساتھ اتفاقِ رائے سے 21 دسمبر کو Maditation کا عالمی دن منانے سے متعلق ایک قرار داد پاس کی ہے۔ یہ تاریخی تقریب اس قدیم طرزِ عمل کے سالانہ عالمی جشن کے آغاز کی نشاندہی کرتی ہے، جو جسمانی اور ذہنی صحت کے ساتھ ساتھ مجموعی صحت کیلئے فائدہ مند ہے۔

اس تقریب کو منانے کیلئے اقوامِ متحدہ میں بھارت کے مستقل مشن نے آج نیویارک میں اقوامِ متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں روحانی پیشوا گرو دیو سری سری روی شنکر کی قیادت میں ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس

کے صدر اور Cameroon کے سابق وزیر اعظم Philemon Yang اور آپریشنل سپورٹ کے اَنڈر سکریٹری جنرل Atul Khare نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔ x

**PM-WORLD MEDITATION DAY**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ملک کے عوام سے کہا ہے کہ وہ Meditation یعنی دھیان لگانے کو اپنی روز مرہ کی زندگی میں شامل کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ Meditation یعنی دھیان لگانا فردِ واحد کی زندگی کے ساتھ ساتھ سماج اور کرۂ ارض پر امن اور ہم آہنگی لانے کا ایک بہترین طریقہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی کے دور میں Apps اور Guided ویڈیوز ہماری روز مرہ کی زندگی میں دھیان لگانے میں مدد کیلئے بہتر آلات کے طور پر کردار ادا کرسکتے ہیں۔ x

**PM-RANN UTSAV**

وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے کچھ ضلعے کے Dhordo میں منعقد ہونے والے رَن اُتسو کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں، وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ یہ تہوار کچھ ضلعے کی روایت، ثقافت اور ورثے کی علامت ہے، جو ہر کسی کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ میلہ اپنے شاندار دستکاری کے بازار ، ثقافتی پروگراموں اور روایتی کھانوں کے ذریعے سیاحوں کو ایک ناقابل فراموش تجربہ فراہم کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اپنی زندگی میں ایک بار اپنے خاندان کے ساتھ رَن اُتسو کو دیکھنے ضرور جائیں۔ x

**WHO-INDIA MALARIA**

عالمی صحت تنظیم WHO نے کہا ہے کہ بھارت نے ملک میں ملیریا اور اس سے ہونے والی اموات میں کمی لانے میں نمایاں پیش رفت کی ہے، خصوصاً اِن ریاستوں میں، جہاں یہ بیماری بڑے پیمانے پر پھیلی ہوئی ہے۔ اسے WHO کی 2024 کی رپورٹ میں اُجاگر کیا گیا ہے۔ متعلقہ فریقوں نے برطانیہ کی پارلیمنٹ میں ایک میٹنگ کی، جس میں انہوں نے بھارت کے ان کمیونٹی صحت کارکنوں کی ستائش کی، جن میں بیشتر خواتین ہیں، جنہوں نے دوردراز کے علاقوں میں ملیریا کو کم کرنے میں مؤثر کردار ادا کیا۔ رپورٹ کے مطابق، ملک گیر سطح پر، بھارت میں ملیریا کے کیسز کی تعداد 2017 میں تقریباً 6 اعشاریہ 4 ملین تھی اور 2023 میں یہ تعداد گھٹ کر دو ملین رہ گئی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس میں 69فیصد کی نمایاں کمی آئی ہے۔ اسی طرح اس مدّت کے دوران اموات کی تعداد 11 ہزار ایک سو سے گھٹ کر 3 ہزار 500 ہو گئی ہے، جس میں 68 فیصد کی کمی آئی ہے۔x

**CANAD CABINET**

کینیڈا کے وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو نے اپنی کابینہ میں تبدیلی کی ہے اور 8 نئے وزیروں کو اپنی کابینہ میں شامل کیا ہے۔ کینیڈا کی کابینہ میں، بھارت نژاد افراد کی تعداد اب 4 ہو گئی ہے۔ Bramptom North سے کینیڈا کی بھارت نژاد ممبر پارلیمنٹ Ruby Sahota کو جمہوری اداروں کا محکمہ دیا گیا ہے، جبکہ کینیڈا کی ایک اور بھارت نژاد انیتا آنند کو، جو فی الحال ٹرانسپورٹ کی وزیر ہیں، داخلی تجارت کا اضافی چارج سونپا گیا ہے۔ نائب وزیر اعظم کرسٹینا فری لینڈ اور ہاؤسنگ کے وزیر Sean Fraser سمیت کئی وزیروں کے استعفے کے بعد کابینہ میں یہ تبدیلی کی گئی ہے۔

کینیڈا میں سیاسی حالات بدستور غیر مستحکم ہیں۔ لبرل ارکان پارلیمنٹ کی ایک تہائی سے زیادہ تعداد وزیراعظم ٹروڈو سے استعفے کا مطالبہ کررہی ہے، جبکہ NDP نے آئندہ جنوری میں پارلیمنٹ کے اجلاس کے دوبارہ شروع ہونے پر عدم اعتماد کی تحریک کی حمایت کرنے کے اپنے ارادے کا اعلان کیا ہے۔×

**SRI LANKA COAST GUARD**

بھارتی ساحلی محافظ دستے کے جہاز Vaibhav اور Abhiraj، اس مہینے کے آخر میں کولمبو اور Galle کے لیے روانہ ہوں گے۔ یہ جہاز ساحل سے دورگشت کرنے والے ایک تیز رفتار جہاز ہیں۔ بھارتی ساحلی محافظ دستے کا جہاز Vaibhav پیر کے روز کولمبو پہنچے گا، جبکہ Abhiraj، 29 دسمبر کو Galle پہنچے گا۔ کمانڈنگ آفیسرز کمانڈنٹ Navtej سنگھ سوہل اور کمانڈنٹ (JG) ایس سوجیت، سری لنکا کے ساحلی محافظ دستے کی قیادت سے ملاقات کریں گے۔ اس دورے کے دوران بحری کارروائیوں اور آلودگی کی روک تھام میں مشترکہ ٹریننگ نیز پیشہ ورانہ تبادلے کئے جائیں گے۔×

**IMD-COLDWAVE**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے، اگلے پانچ روز کے دوران جموں و کشمیر اور ہماچل پردیش میں سخت سردی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ پنجاب اور راجستھان میں بھی، پیر تک اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے، ہماچل پردیش، مشرقی راجستھان اور جھارکھنڈ میں کل تک دور دور تک دیر رات اور صبح سویرے گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات کے دفتر نے کہا ہے کہ دلّی NCR میں اگلے دو روز کے دوران شام اور رات کے وقت میں دھواں اور دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا کہ آئندہ 4 روز کے دوران وسطی بھارت میں کم از کم درجۂ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سیلسیس کا اضافے کا امکان ہے۔ اِس دوران دلّی NCR میں آج صبح کہرے کی ہلکی پرت چھائی رہی۔×

**WOMEN CRICKET**

بھارت اور ویسٹ انڈیز کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین میچوں کی ICC چمپئن شپ سیریز کا پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کل وددورہ کے کوٹامبی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ کل بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔

**WOMEN FOOTBALL**

آل انڈیا فٹ بال فیڈریشن AIFF نے اعلان کیا ہے کہ بھارتی خواتین ٹیم مالدیپ میں ہونے والے FIFA بین الاقوامی 2 دوستانہ میچوں کی میزبانی کرے گی، جو 30 دسمبر اور 2 جنوری کو ہونے ہیں۔ یہ میچ بنگلورو میں اسپورٹس ایکسی لینس Podu Kone-Dravid Center میں کھیلے جائیں گے۔ اس مہینے کی 13 تاریخ کو جاری کی گئی FIFA کی تازہ ترین درجہ بندی کے مطابق بھارتی ٹیم 69 ویں مقام پر ہے، جبکہ مالدیپ کی ٹیم 163 ویں مقام پر ہے۔ x

**EX-IMF CHIEF SENTENCED**

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF کے سابق منیجنگ ڈائریکٹر اور اسپین کے سابق نائب وزیراعظم Rrodrigo Rato کو Madrid کی صوبائی عدالت نے چار سال نو ماہ قید کی سزا سنائی ہے۔ 75 سالہ منیجنگ ڈائریکٹر کو ٹیکس میں دھوکہ دہی، کالے دھن کو جائز بنانے اور بدعنوانی کا قصوروار پایا گیا تھا۔ تفتیش کاروں نے 15 ملین یورو سے زیادہ غیر اعلانیہ فنڈ اور کیپٹل منافع کا بھی انکشاف کیا ہے۔

Bankia Savins Bank کے سابق سی ای او Rato غیر اعلانیہ خرید و فروخت اور رقم نکالنے کے سلسلے میں خفیہ کارپوریٹ کریڈٹ کارڈ استعمال کرنے کی پاداش میں اکتوبر 2018 سے اکتوبر 2020 تک دو سال جیل کی سزا کاٹ چکے ہیں۔ Rato، Jose Maria Aznar کی پیپلز پارٹی کی حکومت میں 1996 سے 2004 تک نائب وزیر اعظم اور اقتصادیات کے وزیر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆